کیا زکوۃ کی رقم ویڈنگ سرمنی پر خرچ کی جاسکتی ہے

الحمدللہ والصلوۃ والسلام علی رسول اللہ

الاستفتاء: کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متِین اس مسئلہ کے بارے میں کہ کیا میں اپنی زکوۃ کی رقم کزن کی ویڈنگ سرمنی پر خرچ کر سکتا ہوں۔

سائل: طالب فرام انگلینڈ

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بِعَونِ المَلِکِ الوَھاب اللھم ھدایۃَ الحَق والصواب

زکوۃ کی رقم کزن کی ویڈنگ سرمنی (شادی کی تقریب) پر نہیں خرچ کی جاسکتی کیونکہ زکوۃ میں کسی فقیرِ شرعی کو مالک بنانا شرط ہے۔بغیر تملیک کے زکوۃ ادا نہیں ہوگی جیسا کہ **تنویر الابصار مع درمختار میں ہے :وَيُشْتَرَطُ أَنْ يَكُونَ الصَّرْفُ تَمْلِيكًا لَا إبَاحَةً** تر جمہ: زکوۃ ادا کرنے میں شرط یہ ہے کہ یہ بطورِ تملیک ادا کی جائے نہ کہ بطورِ اباحت۔

(تنویر الابصار مع الدرالمختار ج 3 ص 341)

اگر کزن فقیرِشرعی ہو تو اس کو زکوۃ کی رقم کا مالک بنانے سے زکوۃ ادا ہوجائے گی کہ اس صورت میں زکوۃ کی شرط تملیک پائی جائے گی۔

واللہ تعالی اعلم ورسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبہ ابو الحسن محمد قاسم ضیاء قادری

QUESTION:

What do the scholars and muftis of the noble Shari'ah say regarding this matter; can I spend my Zakāh money on my cousin's wedding ceremony?

Questioner: Tālib from England

ANSWER:

بسم الله الرحمن الرحيم
الجواب بِعَونِ المَلِکِ الوَهاب اللهم هدايةَ الحَق والصواب

Zakāh money cannot be spent on a wedding ceremony because making a shari' faqeer [a poor person according to Shari'ah] an owner of the money is a condition. Without tamlīk [transferring the ownership of wealth], Zakāh will not be payed as is mentioned in Tanwīr-ul-Absār ma' Durr-ul-Mukhtār:

وَيُشْتَرَطُ أَنْ يَكُونَ الصَّرْفُ تَمْلِيكًا لَا إبَاحَةً

In the fulfilment of Zakāh, there must be a transfer of ownership not just (making it) permissible (for the recipient).

[Tanwīr-ul-Absār ma' al-Durr Mukhtār Vol.3 p.341]

If the cousin is a shari' faqeer, the payment of Zakāh will be rendered correct by making him/her the owner of the money as the condition of tamlīk will be found.

واللہ تعالی اعلم ورسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

Answered by Mufti Qasim Zia al-Qadri

Translated by Dawud Hanif